اشاعت خاص

روزنامہ
MUAWAN-E-WUAKLA
بانی
علی ہادی کوثر
معاون وکلاء
چیف ایڈیٹر
سیدہ عاقبہ بتول
ایڈیٹر
روحیل اکبر
پاکپتن



تحریر، روحیل اکبر

# جشنِ آزادی پاکستان

## نیشنل لیول اوپن روڈ سائیکل ریس 2026

لاہور سے ساہیوال ▯ قومی سطح کا شاندار سائیکلنگ ایونٹ

**14 اگست 2026**





















**69 سائیکلسٹس ▯ 4 گھنٹے 44 منٹ 33 سیکنڈ**

▯ علی الیاس ▯ پہلی پوزیشن ▯ 1 لاکھ روپے
▯ منصور احمد ▯ دوسری پوزیشن ▯ 50 ہزار روپے
▯ محمد معظم جونیئر ▯ تیسری پوزیشن ▯ 30 ہزار روپے

قومی کھیل ▯ صحت مند سرگرمیاں ▯ حب الوطنی ▯ نوجوانوں کی حوصلہ افزائی

جشنِ آزادی پاکستان کے موقع پر نیشنل لیول اوپن روڈ سائیکل ریس 2026 کا انعقاد کیا گیا جس میں ملک بھر سے 69 سائیکلسٹس نے شرکت کی۔ ریس کا آغاز نیشنل سٹیڈیم لاہور سے ہوا اور سائیکلسٹس نے لاہور سے ساہیوال تک کا سفر 4 گھنٹے 44 منٹ اور 33 سیکنڈ میں طے کیا۔ ساہیوال پہنچنے پر سائیکلسٹس اور ریس آفیشلز کا کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق، ڈی پی او محمد عثمان ٹیپو، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی چوہدری محمد عثمان، محمد ارشد ملک، نوید اسلم خان لودھی اور فرزانہ عباس، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، جنرل سیکرٹری پنجاب سائیکلسٹ فیڈریشن وقار علی، ضلعی افسران اور شہریوں نے پرتپاک استقبال کیا۔ ریس میں علی الیاس نے پہلی، منصور احمد نے دوسری جبکہ محمد معظم جونیئر نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے پہلی پوزیشن پر ایک لاکھ روپے، دوسری پوزیشن پر 50 ہزار روپے جبکہ تیسری پوزیشن پر 30 ہزار روپے نقد انعام دیا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا کہ جشنِ آزادی کے موقع پر قومی سطح کی کھیلوں کی سرگرمیوں کا انعقاد نوجوانوں میں صحت مند سرگرمیوں اور حب الوطنی کے جذبے کو فروغ دیتا ہے۔ انہوں نے ریس میں حصہ لینے والے تمام سائیکلسٹس کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ کھلاڑی ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں اور ان کی حوصلہ افزائی وسرپرستی ضروری ہے۔ ریس کے شرکاء اور آفیشلز نے شاندار استقبال اور بہترین انتظامات پر ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق اور ان کی ٹیم کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ نیشنل لیول اوپن روڈ سائیکل ریس 2026 نے ساہیوال میں جشنِ آزادی کی تقریبات کو مزید جوش وخروش بخشا اور نوجوانوں میں کھیلوں کے فروغ کا مثبت پیغام دیا۔

سیدہ عاقبہ بتول نے ایم آر تجمل پرنٹرز تجمل ٹاور دربار مارکیٹ لاہور سے چھپوا کر H1-14 واپڈا ٹاؤن لاہور سے شائع کیا پاکپتن دفتر۔ الکمال منزل کمیر روڈ پاکپتن نمبر۔ 03004821200